# 1 میں 4 اور MMR ویکسینز

## Junior Infants کے بچوں کے والدین کے لئے معلومات

### 1 میں 4 ویکسین 1 میں 4 ویکسین کا کیا نام ہے؟
1 میں 4 ویکسین Tetravac کہلاتی ہے۔

### 1 میں 4 ویکسین کیا ہے؟
1 میں 4 ایک ویکسین کو دیا جانے والا نام ہے جو ڈفتھیریا، پولیو، ٹیٹنس اور کالی کھانسی (پرٹسز) سے بچاتی ہے۔ یہ سب سنگین امراض کے انفیکشنز ہیں جن کے نتیجے میں ہسپتال میں داخلہ ہو سکتا ہے اور بدترین صورت میں موت واقع ہو سکتی ہے۔

| جن امراض سے تحفظ ملتا ہے | عام علامات | ممکنہ پیچیدگیاں |
|---|---|---|
| ٹیٹنس | پٹھوں میں تکلیف دہ اینٹھنیں | جھٹکے (دورے)<br>جبڑا پھنس جانا<br>موت |
| ڈفتھیریا | گلے میں درد<br>دل کی تیز دھڑکن | سانس لینے میں مشکل<br>فالج<br>دل بند ہو جانا<br>موت |
| کالی کھانسی (پرٹسز) | خراش والی کھانسی جس میں خرخراہٹ کی آواز آتی ہے | سانس لینے میں مشکل<br>دل اور پھیپھڑے فیل ہو جانا<br>موت |
| پولیو | بخار<br>سر درد<br>قے | فالج<br>موت |

### کسے 1 میں 4 ویکسین کی ضرورت ہے؟
آپ کے بچے کو دو، چار اور چھ ماہ کی عمر میں 1 میں 6 ویکسین کے حصے کے طور پر ان امراض سے تحفظ کے لئے ویکسینز لگائی گئی ہوں گی۔

آپ کے بچے کے مدافعتی نظام کو تحریک دینے اور ان امراض کے خلاف اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے جونیئر انفینٹس میں ایک اور خوراک کی ضرورت ہے۔

### کیا کوئی ایسے بچے ہیں جنہیں 1 میں 4 ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟
ایسے بہت کم بچے ہیں جنہیں 1 میں 4 ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔ اگر آپ کے بچے کو کسی سابقہ ویکسین یا ویکسین کے کسی جز سے شدید الرجک ردعمل (اینافلیکسز) ہو چکا ہے یا اینٹی بائیوٹکس polymyxin B, streptomycin اور neomycin سے شدید الرجک ردعمل ہوا ہے تو اسے ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔

**آپ کو 1 میں 4 ویکسین لگوانے میں تاخیر کرنی چاہیے اگر آپ کے بچے کو:**
- تیز بخار ہے۔

### کیا 1 میں 4 ویکسین کے کوئی ضمنی اثرات ہیں؟
اکثر بچوں کو اس ویکسین کے بعد کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔

عام ترین ضمنی اثرات بازو میں درد، سرخی یا سوجن ہیں۔ شاذ و نادر بازو کندھے سے کہنی تک سوج جاتا ہے۔ ایسا عام طور پر ویکسینیشن کے بعد 2 دن کے اندر ہوتا ہے اور 4-5 دن میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس مخصوص ردعمل کے علاج کے لئے اینٹی بائیوٹکس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ آپ پیراسیٹامول یا آئبیوپروفن دے سکتے ہیں۔ آپ کو اسے بہت سے مشروبات بھی دینے چاہئیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو بہت گرمی نہ لگے اور انجیکشن کی جگہ پر کپڑے نہ رگڑے جائیں۔
اس سے کم عام حالات میں بچوں کو بخار، سر درد یا طبیعت خراب ہو سکتی ہے۔

## MMR ویکسین MMR ویکسین کا کیا نام ہے؟

MMR ویکسین کا نام Priorix یا MMRVaxPro ہے۔

## MMR ویکسین کیا ہے؟

MMR ویکسین آپ کے بچے کو خسرہ، ممپس اور روبیلا (جرمن خسرہ بھی کہلاتا ہے) سے بچاتی ہے۔

خسرہ، ممپس اور روبیلا وائرسز سے پیدا ہوتے ہیں اور تیزی سے پھیلنے والے امراض ہیں۔
جب مرض میں مبتلا کسی شخص سے وائرس ایسے انسان کے جسم میں جاتا ہے جسے اس کے خلاف کوئی تحفظ حاصل نہ ہو تو یہ امراض پھیل جاتے ہیں۔

| جن امراض سے تحفظ ملتا ہے | عام علامات | ممکنہ پیچیدگیاں |
|---|---|---|
| خسرہ | بخار<br>رگڑ<br>آنکھوں میں درد اور سرخی | اینسفلائٹس (دماغ کی سوجن)<br>نمونیہ<br>برونکائٹس<br>کان کا انفیکشن |
| ممپس | جبڑے کے نیچے غدود میں درد اور سوجن اور بخار | میننجائٹس<br>بہرا پن<br>بالغ مردوں کے خصیوں میں درد اور سوجن |
| روبیلا (جرمن خسرہ) | بخار اور رگڑ | اگر کسی حاملہ خاتون کو روبیلا ہو جائے تو اس کے بچے میں بڑے پیدائشی نقائص پیدا ہو سکتے ہیں بشمول اندھا پن، دماغی چوٹ، بہرا پن، دل کے مسائل اور دیگر سنگین پیچیدگیاں |

## کسے MMR ویکسین کی ضرورت ہے؟

آپ کے بچے کو 12 ماہ کی عمر میں MMR ویکسین دی جانی چاہیے تھی۔ بچوں کو جونیئر انفینٹس میں دوسری خوراک لگوانی چاہیے۔

MMR ویکسین کی دو خوراکوں سے آپ کے بچے کو بہترین تحفظ ملے گا۔

اگر آپ کے بچے کو پہلے کبھی MMR ویکسین نہیں لگی تو اسے پہلی خوراک کے 1 مہینے بعد دوسری خوراک لگوانی چاہیے۔

## کیا کوئی ایسے بچے ہیں جنہیں MMR ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟

ایسے بہت کم بچے ہیں جنہیں MMR ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔ اگر آپ کے بچے کو سابقہ MMR ویکسین، ویکسین کے کسی جز یا MMR ویکسین میں شامل neomycin یا جیلاٹن سے شدید الرجک ردعمل (اینافلیکسز) ہو چکا ہے تو اسے ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔

**آپ کو MMR ویکسین لگوانے میں تاخیر کرنی چاہیے اگر آپ کے بچے کو:**

- تیز بخار ہے
- کورٹیکوسٹیرائڈز کی بڑی خوراک لگوا رہا ہے
- کیموتھیراپی یا ریڈیوتھیراپی کروا رہا ہے
- اسے کوئی ایسی بیماری ہو جو اس کے مدافعتی نظام پر اثر انداز ہوتی ہو۔

## کیا MMR ویکسین اور آٹزم کے درمیان کوئی تعلق ہے؟

جی نہیں۔ تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ MMR ویکسین اور آٹزم کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔

## کیا MMR ویکسین کے کوئی ضمنی اثرات ہیں؟

اکثر بچوں کو اس ویکسین کے بعد کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ MMR ویکسین کی دوسری خوراک کے بعد ضمنی اثرات کہیں کم عام ہیں۔ کچھ بچوں کو ٹیکہ لگانے کی جگہ پر درد، سوجن یا سرخی ہو جاتی ہے۔ شاذ و نادر بچوں کو 6 تا 10 دن بعد رگڑ اور بخار کے ساتھ

"مختصر خسرہ" ہو سکتا ہے۔ ویکسینیشن کے بعد تیسرے ہفتے میں بچوں کو جبڑے کے حصے میں سوجن کے ساتھ "مختصر ممپس" ہو سکتے ہیں۔ یہ دوسروں میں نہیں پھیلتے۔ 1 میں 4 اور MMR ویکسینز ایک ہی دن دی جاتی ہیں اور آپ کے بچے کے ہر بازو میں ایک ویکسین لگے گی۔

**آپ کے بچے کو اسکول شروع کرتے ہوئے ان 7 پھیلنے والے امراض سے تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے۔**

آپ کا بچہ ابتدائی بچپن میں پہلے ہی ڈفتھیریا، پولیو، ٹیٹنس، کالی کھانسی، خسرہ، ممپس اور روبیلا سے تحفظ کی ویکسینز لگوا چکا ہے۔ وقت کے ساتھ ان امراض کے خلاف مدافعت کم ہو جاتی ہے، اس لئے اب اضافی تحفظ کے لئے بوسٹر خوراک کی تجویز دی جاتی ہے۔

آپ کے بچے کا مدافعتی نظام ان ویکسینز کو باآسانی برداشت کر سکتا ہے۔ ان امراض کے خلاف بہترین تحفظ کے لئے آپ کے بچے کو یہ ویکسینز ایک ساتھ دی جاتی ہیں۔

## آپ اپنے بچے کے لئے یہ ویکسینز کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

یہ ویکسینز HSE اسکول کی مامونیت پروگرام کے حصے کے طور پر پیش کی جاتی ہیں۔ آپ کے بچے کو ویکسین لگانے سے پہلے آپ کو تفصیلات اور رضامندی کا فارم موصول ہو گا۔

ڈونیگال، سلائیگو اور لیٹرم میں آپ کا جی پی یہ ویکسینز لگائے گا۔ ان کاؤنٹیز میں آپ کو HSE سے ایک خط موصول ہو گا جس میں آپ سے درخواست کی جائے گی کہ ویکسینز کا وقت آنے پر اپنے جی پی کے پاس جائیں۔

## کیا میرا بچہ کووڈ-19 ویکسین اور دیگر ویکسینز لگوا سکتا ہے؟

احتیاط کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تجویز دی جا رہی ہے کہ اس عمر کے بچوں کے لئے کووڈ-19 ویکسین اور دیگر ویکسین میں 14 دن کا فاصلہ رکھا جائے۔

## آپ کا بچہ ویکسینیشن کے دن کی تیاری کیسے کر سکتا ہے؟

ویکسینیشن کے دن آپ کے بچے کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں:
ناشتہ کریں
ڈھیلی اور چھوٹی آستینوں والی قمیض پہنیں
اگر ممکن ہو تو اپنا مامونیت کا پاسپورٹ اسکول لائیں۔

## اگر آپ کا بچہ ویکسینیشن کے دن اسکول نہ آئے تو کیا ہو گا؟

آپ کا بچہ پھر بھی ویکسینز لگوا سکتا ہے۔ HSE کسی HSE کلینک پر بچے کو حفاظتی ٹیکے لگانے کا انتظام کر دے گا یا آپ سے کہا جائے گا کہ اپنے بچے کو ویکسینیشن کے لئے جی پی کے پاس لائیں۔

## اگر آپ کے بچے کو MMR ویکسین کی دوسری خوراک کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟

HSE آپ کے بچے کو حفاظتی ٹیکہ لگانے کا انتظام کرے گا۔

## مزید معلومات

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنی HSE اسکول کی مامونیت کی ٹیم کے کسی رکن، اپنی صحت عامہ کی نرس یا اپنے جی پی سے بات کریں۔

ان پھیلنے والے امراض اور ویکسینز کے بارے میں مزید معلومات پڑھنے کے لئے ہماری ویب سائٹ www.immunisation.ie ملاحظہ کریں۔

آپ www.hpra.ie پر ویکسینز کے لئے مریضوں کے معلوماتی کتابچوں کے لنک بھی دیکھ سکتے ہیں۔ متعلقہ مریضوں کا معلوماتی کتابچہ پڑھنے کے لئے Tetravac (1 میں 4)، Priorix یا MMRVaxPro (MMR) سرچ کریں۔

ویکسینز کے لئے رضامندی کا فارم آپ کو اس پیک میں شامل رضامندی کا فارم پڑھ کر اور اسکول کو واپس کرنا ہو گا تاکہ اسکول میں بچے کو ویکسین لگائی جا سکے۔